© rasailojaraid.com

**HIJRA** انگریزی تالیف از زکریا بشیر۔ ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن، ۲۲۳، لندن روڈ، لائسسٹر (LE2 1ZE U.K.) طباعتی معیار نہایت اچھا۔ صفحات: ۱۱۰۔ قیمت درج نہیں۔

ہجرت کی داستان اور اس کی معنویت۔ دونوں پہلوؤں سے نہایت اچھی تحریر ہے۔ مستشرقین نے ہجرت کو دو غلط مفہوم دیئے ہیں: ایک یہ کہ یہ ایک طرح کا فرار (FLIGHT OR WITHDRAWL) تھا۔ دوسرے یہ کہ مدینہ کے سرداران اوس و خزرج آپ کو صرف اس بنا پر لے گئے تھے کہ باہمی جنگ و جدل سے نجات پانے کے لیے آپ کو حَکَم بنا سکیں۔ ان دونوں غلط تصورات کی مدلل تردید کرتے ہوئے یہ واضح کیا گیا ہے کہ ہجرت کا اقدام نظریاتی یا سیاسی اور تمدنی لحاظ سے ایک مثبت عمل تھا۔ ایک بحث دارالاسلام اور دارالحرب کی کی گئی ہے، مگر یہاں ایک اور اصطلاح کو بھی لیا جانا چاہیے تھا اور وہ ہے دارالکفر۔ اس کتاب کی ایک اہم وسیع بحث منافقین کے بارے میں ہے۔ مختصر یہ کہ یہ بہت قابلِ قدر کتاب ہے۔

---

**بازارِ رشوت** تصنیف: منشی عبدالرحمٰن خان۔ ناشر: صدیقی ٹرسٹ، نسیم پلازا، نشتر روڈ، کراچی نمبر ۵۔ قیمت: ۱۲/- روپے۔

رشوت کے موضوع پر ایک جامع مقالہ (THESIS) ہے۔ رشوت کیا ہوتی ہے، کن کن شکلوں میں اس کا چلن ہے، مختلف شعبہ ہائے کار میں اس کا دخل کیسی کیسی صورتوں میں ہے، قرآن و حدیث کی رُو سے رشوت کتنا بڑا گناہ ہے اور آخر میں یہ بحث کہ اس کے انسداد کی مؤثر صورتیں کیا ہو سکتی ہیں۔ یہ کتاب دفتری، کاروباری اور معاملاتی امور میں اصلاح کا ذریعہ بن سکتی ہے۔

منشی عبدالرحمٰن صاحب جانے پہچانے مصنف ہیں اور دینی نقطۂ نظر سے معاشرے کی مختلف خرابیوں کا خاتمہ چاہتے ہیں۔

---

© rasailojaraid.com